9329 ـ والدکا بیٹے کوعطیہ دینے کے بعد واپس لینے کا حکم

سوال

کیا والد کےلیے بیٹے کوعطیہ کرنے کے بعد واپس لینا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

جب عطیہ واپس لینے میں کوئي مصلحت ہواوربیٹااسے واپس کرنے کی استطاعت بھی رکھتا ہوتوایسا کرنا جائز ہے ، کیونکہ نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(کسی بھی مسلمان مرد کے لیے جائز نہیں کہ وہ عطیہ دینے کے بعد اسے واپس لے لیکن والد اپنے بیٹے کودیےگئے عطیہ کوواپس لے سکتا ہے) ۔

اسے امام احمد اورابوداود ، امام ترمذی ، نسائي ، ابن ماجہ ، نے روایت کیا ہے اورامام ترمذی ابن حبان اورامام حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے ۔ .